## سوال

(52)کیا عورتوں کےلئے مسجد کے امام کی اقتدار درست ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہمارے مسجد کی شمالی جانب ایک چادریواری شدہ احاطہ ہے جو مسجد سے ملحق ہ ۔ ہم رمضان میں نماز کی ادائیگی کےلیے اس احاطہ کو عورتوں کےلیے مخصوص کر دیں تو کیا یہ جائز ہوگا ؟ جبکہ ہمیں یہ بھی معلوم ہے کہ وہ امام کو نہ دیکھ سکیں گی ، فقط لاؤڈ سپیکر سے اما کی متابعت کر سکیں گی ۔ ؟ ابو احمد

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسی جگہ میں ان ی نماز کی صحت کے بارے میں علماء میں اختلاف ہ ۔ جہاں سے نہ تو وہ امام کو دیکھ سکیں اور نہ ان لوگوں کو جو امام کے پیچھے ہیں ۔ وہ تو صرف تکبیر ہی سن سکتی ہیں لہذا محتاط صورت یہی ہے کہ وہ ایسی جگہ نماز ادا نہ کریں بلکہ اپنے گھروں ی میں ادا کریں ۔ الا یہ کہ مسجد میں کوئی ایسی جگہ مل جائے جو نماز ادا کرنے والوں کے پیچھے ہو ۔ یا کسی خارجی مکان میں نماز ادا کریں جس میں وہ خود امام ہوں یا کوئی مقتدی امام ہو ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ**

**جلداول - صفحہ 72**

**محدث فتویٰ**